کا خاصا اسلحہ خانہ اس کتاب میں جمع کر دیا۔ بالیقین اس کا مطالعہ فہمِ دین اور خصوصاً فہم فقۂ حنفی میں دینی اساتذہ اور طلبہ کے لیے بہت مفید ثابت ہو سکتا ہے اور عام دینی مطالعہ کے شائقین کے لیے بھی یہ ایک اچھا تحفہ ہے۔ کتاب اپنی قیمت کے لحاظ سے بہت ارزاں ہے۔

القاموس الفرید تالیف مولینا وحید الزمان کیرانوی۔ ترجمہ و تصحیح از مولینا عبدالحق الندوی و مولینا محمد یار راضی (دو مزید اصحاب کی معاونت بھی شامل ہے)۔ ناشر: صابری دار الکتب، چوک اردو بازار، لاہور۔ عام سائز کے صفحات: ۹۶۰۔ سفید کاغذ پر اچھی لکھائی چھپائی۔ قیمت: ۴۵/- روپے

یہ لغت کی کتاب ہے جس میں اردو الفاظ کے بالمقابل عربی الفاظ دیے گئے ہیں۔ مترجمین کے علاوہ عربی میں لکھنے والوں کو بھی اس کی ضرورت پیش آسکتی ہے۔ خصوصاً طلبائے زبانِ عربی کے لیے اس کی قدر و قیمت بالکل واضح ہے۔

برادرم راضی صاحب نے یہ کتاب مجھے ہدیۃً دی، مگر میں نے مناسب سمجھا کہ اس کا تعارف کرا دوں۔ راضی صاحب کا اپنا پتہ یہ ہے: مولانا محمد یار راضی، بیت راضی ۲۲۷ محمدی سٹریٹ نیو سمن آباد لاہور

جوہر تقویم جناب ضیاء الدین لاہور۔ ناشر: الحقائق، آصف بلاک۔ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور آفسٹ پیپر پر اچھی طباعت۔ صفحات: ۱۱۸۔ قیمت: ۱۵/- روپے۔

یہ کتاب ڈاکٹر سید محمد عبداللہ کے تعارفی کلمات سے شروع ہوتی ہے اور اس کتاب کو ادارۂ تحقیقات اسلامی نے بھی سراہا ہے اور اس کا ایڈیشن نکالنے پر غور کیا ہے۔ پہلے ہمارے پاس صرف وسٹنفلڈ کے اخذ کردہ اصولوں پر مبنی چند تقویمی کتب تھیں، جن سے ہجری تاریخوں سے عیسوی تاریخیں معلوم کی جا سکتی تھیں۔ ایسی ایک تقویم انجمن ترقی اردو کی شائع کردہ بھی ہے۔ ضیاء الدین صاحب نے بڑی محنت کر کے عیسوی تاریخوں کے بالمقابل ہجری تاریخیں دریافت کرنے کا طریقہ نکالا۔ پچھلے ہزاروں سال سے لے کر ۱۵۰۰ھ تک کسی بھی عیسوی یا ہجری تاریخ کا دن معلوم کرنے اور کسی بھی دن کے مقابلے میں کسی زمانے کی